بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

دستاویزات

برائے نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل

مالی سال 2026-27

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
1	نیلامی نوٹس برائے باغ امرود اور آم کے پھل	1
2	امرود اور آم کی تفصیل	2
3	تفصیلی شرائط بابت نیلامی	3
4	معاہدہ	4

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر:363۔اسٹیٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ:10-07-2026

نوٹس بابت نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل

بورڈ ہذا کو درج ذیل تفصیل کے مطابق باغ امرود اور آم کے پھل (جیسا ہے جہاں ہے) کی نیلامی سال 2026-27 مطلوب ہے۔

نمبر شمار	تفصیل	رزیرو پرائس	کال ڈیپازٹ
1	امرود کے باغ کا رقبہ تقریباً (6 کنال) 272 پودوں پر مشتمل ہے۔اس کے علاوہ آم کے 10 عدد درخت ہیں۔	-/60,000 روپے	-/20,000 روپے

1- بورڈ ہذا کے باغ امرود اور آم کے پھل جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر مورخہ 30-07-2026 کو بوقت 02:00(PM) دن بورڈ کیمپس گوجرانوالہ میں نیلام کیا جائے گا۔

2- باغ نیلامی نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے لے کر نیلامی کے وقت تک یا اس سے پہلے دفتری اوقات کار کے دوران بورڈ ہذا میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

3- بولی دہندہ کیلئے لازم ہوگا کہ وہ بولی دینے سے پہلے مبلغ -/20,000 روپے کی کال ڈیپازٹ/بینکر چیک بطور زرضمانت کسی بھی شیڈولڈ بنک سے بنوا کر مورخہ 29-07-2026 تک اسٹیٹ برانچ کو فراہم کرے گا نیز کوئی شخص ایک دن قبل زرضمانت جمع کرائے بغیر بولی میں شامل ہونے کا مجاز نہ ہوگا۔

4- نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات کو اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل جمع کروانی ہوگی۔اگر کوئی شخص کسی دیگر شخص کی جگہ نیلامی میں حصہ لینا چاہیے تو وہ اس سلسلہ میں اتھارٹی لیٹر اور مصدقہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرے گا۔

5- کامیاب بولی دہندہ کو مروجہ قوانین کے تحت ٹیکسز بولی کی مالیت کے علاوہ بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانا ہوں گے نیز اس دوران کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکسز (صوبائی/وفاقی) کی شرح میں تبدیلی (کمی/بیشی) رائج الوقت قوانین کے مطابق کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہوگی۔

6- بولی دہندگان کیلئے لازم ہے کہ وہ نرخ بغیر ٹیکسز دیں۔نیلامی پر موجودہ انکم ٹیکس 10% برائے فائلرز ہے جبکہ نان فائلرز کیلئے انکم ٹیکس 20% ہے۔

7- نیلامی فارم بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ /https://www.bisegrw.edu.pk سے مفت ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے یا تفصیلی فارم بورڈ ہذا سے حاصل کرنے کیلئے حبیب بنک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ میں بذریعہ بنک چالان مبلغ -/500 روپے (ناقابل واپسی) جمع کروا کر دفتری اوقات کار میں نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے لے کر مورخہ **29-07-2026** تک بورڈ ہذا کی اسٹیٹ برانچ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

8- مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ بغیر وجہ بتلائے نیلامی کا عمل مسترد کر دے۔

9۔ نیلامی کے بعد کسی شخص کی درخواست بابت پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

10۔ ناکام بولی دہندہ کو جمع شدہ کال ڈیپازٹ نیلامی کمیٹی کے عمل کی جناب چیئرمین سے توثیق کے بعد واپس کی جائے گی۔

11۔ مذکورہ تاریخ کو بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں انہی شرائط پر دوبارہ نیلامی مورخہ 08-08-2026 بوقت 11:00(AM) بجے بورڈ کیمپس میں ہوگی۔دوبارہ بولی کی صورت میں شرائط نیلام عام مورخہ 07-08-2026 تک دفتری اوقات میں اسٹیٹ برانچ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔
اگر مذکورہ بالا تاریخ کو بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں انہی شرائط پر تیسری بار نیلامی مورخہ 19-08-2026 بوقت 11:00(AM) بجے بورڈ کیمپس میں ہوگی۔تیسری بار بولی کی صورت میں شرائط نیلام عام مورخہ 18-08-2026 تک دفتری اوقات میں اسٹیٹ برانچ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

سیکرٹری

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

باغ امرود اور آم کے پھل کی تفصیل

نمبر شمار	تفصیل	زیرو پرائس	کال ڈیپازٹ
1	امرود کے باغ کا رقبہ تقریباً (6 کنال) 272 پودوں پر مشتمل ہے۔اس کے علاوہ آم کے 10 عدد درخت ہیں۔	-/60,000روپے	-/20,000روپے

دستخط/مہر بولی دہندہ/فرم

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر:_____۔اسٹیٹ مورخہ:.__________

بنام:

\---

\---

\---

شرائط بابت نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل

بورڈ کیمپس میں موجود باغ امرود اور آم کے پھل کی نیلامی سال 27-2026 کی شرائط درج ذیل ہیں۔

1۔ امرود کے باغ کا رقبہ تقریباً (06 کنال) 272 پودوں پر مشتمل ہے اور آم کے درخت 10 عدد ہیں۔

2۔ امرود اور آم کے پھل کی نیلامی کا عرصہ برائے مدت 01-08-2026 تا 30-06-2027 تک ہوگا۔

3۔ امرود اور آم کے پھل کی نیلامی کی رقم تین (03) برابر اقساط میں جمع کروانا ہوگی۔ پہلی قسط نیلامی کی تاریخ کے دس (10) ایام کے اندر اندر، دوسری قسط مورخہ 10-11-2026 اور تیسری قسط مورخہ 10-02-2027 کو جمع کروانا ہوگی۔

4۔ ٹھیکہ کی الاٹمنٹ کی چٹھی جاری ہونے کے عرصہ دس (10) ایام کے اندر اندر ٹھیکہ کی مالیت کے مطابق 25%. کے اشٹام پیپر برائے معاہدہ ٹھیکیدار فراہم کرے گا نیز ٹھیکیدار ایک قسط بطور ایڈوانس/ پرفارمنس سیکیورٹی دفتر ہذا میں جمع کروائے گا۔

5- رائج الوقت ٹیکسز بذمہ بولی دہندہ ہوں گے جو کہ بولی کی رقم کے علاوہ ہوں گے۔

6۔ قسط لیٹ جمع کروانے کی صورت میں ٹھیکیدار کو -/200 روپے فی یوم جرمانہ جمع کروانا ہوگا جس کی تخفیف/ معافی کا اختیار جناب سیکرٹری بورڈ کو ہوگا۔

7۔ پھل کی حفاظت کی تمام تر ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔ بیماری یا نقصان کی صورت میں دفتر ذمہ دار نہ ہوگا۔

8۔ ٹھیکہ کی مالیت پر ٹھیکیدار رائج الوقت تمام ٹیکسز (انکم ٹیکس/ پنجاب سیلز ٹیکس وغیرہ) مروجہ شرح کے مطابق ہر قسط کے ساتھ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

9۔ پانی دفتر کی طرف سے فراہم کیا جائے گا جبکہ باغ کو پانی لگانے، کھاد وغیرہ اور پودوں پر اسپرے کرنا اور باغ کی صفائی و گوڈی وغیرہ بذمہ ٹھیکیدار رہوگی۔

10۔ ٹھیکیدار کے کسی بھی فعل کی وجہ سے باغ / دفتری املاک کو ہونے والے نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار ذمہ دار ہوگا۔ اس کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جاسکے گی اور ٹھیکہ سے بیدخل کیا جاسکے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

11۔ ٹھیکیدار کی بیماری، چھٹیاں، ہڑتال یا ہنگامی صورتحال میں ٹھیکہ نیلام میں اضافہ اور قسط میں کمی وغیرہ کی رعایت نہ ہوگی۔

12۔ زرضمانت/سیکیورٹی کی رقم ٹھیکیدار کی مدت ختم ہونے پر ٹھیکیدار کی جانب سے درخواست پر اسٹیٹ برانچ کی تسلی بخش رپورٹ کے بعد واگزار کی جاسکے گی۔

13۔ ٹھیکیدار باغ کی حفاظت کے لیے جو بھی ملازم رکھے گا اس کے کوائف وغیرہ اسٹیٹ/سیکیورٹی برانچ کے پاس جمع کروائے گا مزید لیبر لگانے کی صورت میں کوائف سیکیورٹی برانچ/ گیٹ پر اندراج کروائے گا۔

14۔ ٹھیکیدار کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں جناب سیکرٹری بورڈ ہذا کو درخواست گزار سکے گا۔

15۔ ٹھیکیدار امرود اور آم کے پھل مارکیٹ ریٹ کے مطابق فروخت کرنے کا پابند ہوگا۔

16۔ نیلامی کی ریزرو قیمت مبلغ -/60,000 روپے مقرر کی جاتی ہے جس سے زائد پر بولی شروع کی جاسکے گی۔

17۔ ٹھیکیدار کی دورانِ سال کارکردگی کی بنا پر شعبہ اسٹیٹ/ کمیٹی کی سفارشات کے پیش نظر جناب سیکرٹری کی اجازت سے ٹھیکہ مدت میں ٹھیکہ کی مالیت میں 10% اضافہ کے ساتھ ایک سال کی توسیع دی جاسکتی ہے۔ اس سلسلہ میں ٹھیکیدار اسٹام پیپر پر درخواست پیش کرے گا۔

اسٹیٹ آفیسر

معـــــــاهـــده

یہ معاہدہ مورخہ۔۔۔۔۔۔۔کو جناب سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ (جسے بعد میں یہاں فریق اول لکھا جائے گا) اور میسرز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (جسے بعد میں یہاں فریق دوئم لکھا جائے گا) کے درمیان طے پایا۔جبکہ فریق اول نے نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل جن کی تفصیل درج ذیل ہے کی نیلامی کروائی اور فریق دوئم نے جو نرخ پیش کیے اس کی تفصیل درج ذیل ہے اور فریق اول نے قبول کر لیے ہیں۔

نمبر شمار	تفصیل	نیلامی کی رقم
1	امرود کے باغ کا رقبہ تقریباً (6 کنال) 272 پودوں پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ آم کے 10 عدد درخت ہیں۔	۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا:۔

1- اس معاہدہ میں الفاظ اور ان کی وضاحت من وعن اسی طرح ہوگی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔

2- درج ذیل دستاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. نوٹس بابت نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل۔

ii. باغ کی تفصیل۔

iii. شرائط بابت نیلامی باغ امرود اور آم کے پھل۔

iv. نیلامی کی منظوری کی چٹھی/ ورک آرڈر۔

v. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط و کتابت۔

یہ معاہدہ متعلقین مذکور/ بااختیار نمائندگان کے درمیان مذکور بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

دستخط و مہر فریق اول

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دستخط و مہر ٹھیکیدار/فرم (فریق دوئم)

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔